**عمومی ہدایات:**

درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے اور ان پر عمل کیجیے :

*(i)* اس سوالنامے میں کل 15 سوالات ہیں۔ تمام سوالات لازمی ہیں۔

*(ii)* یہ سوالنامہ تین حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے: **حصّہ A، B اور C۔**

*(iii)* حصّہ A، سوال نمبر 1 تا سوال نمبر 7 مختصر جواب والے سوال ہیں۔ ہر سوال کے 2 نمبر ہیں۔

*(iv)* حصّہ B، سوال نمبر 8 تا سوال نمبر 13 بھی مختصر جواب والے سوال ہیں۔ ہر سوال کے 3 نمبر ہیں۔

*(v)* حصّہ C، سوال نمبر 14 اور سوال نمبر 15 مطالعہ احوال پر مبنی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

**(vi) کچھ سوالات میں اندرونی اختیارات مہیا کیا گیا ہے۔ ان سوالوں میں کسی ایک متبادل کا ہی جواب لکھنا ہے۔**

*

## حصہ – A

1. (i) عنصر X کا الیکٹرانی تشاکل لکھیے، جس کی علامت ہے :

$$X_{20}^{40}$$

(ii) جدید دوری جدول میں اس کا مقام معلوم کیجیے۔

(iii) اس کے آکسائڈ کی طبع کیا ہو گی؟

(iv) اس گروپ کے کسی ایک دیگر عنصر کا نام لکھیے۔ ½ × 4

2. (i) چار کاربن ایٹموں والے کسی سیر شدہ ہائڈروکاربن کا نام لکھیے اور اس کی ساخت کھینچیے۔

(ii) اس مرکب میں پائے جانے والے واحد شریک گرفت بندشوں کی تعداد بتائیے۔ 2

3. (a) ڈبل روٹی مولڈ (Bread mould) (رائزوپس Rhizopus) کے تولیدی اور غیر تولیدی حصّوں کے نام لکھیے۔

(b) نباتاتی افزائش کے کنھیں دو فائدوں کی فہرست تیار کیجیے۔ 2



ZOLLEGE.in

